Official Spokesperson's response to media queries on Indian sailors on the UAE flagged ship Rwabee seized by the Houthis

January 11, 2022

حوثیوں کے ہاتھوں پکڑے گئے متحدہ عرب امارات کے جھنڈے بردار جہاز روابی پر سوار ہندوستانی ملاحوں کے بارے میں میڈیا کے سوالات پر سرکاری ترجمان کا جواب

11 جنوری، 2022

حوثیوں کے ہاتھوں پکڑے گئے متحدہ عرب امارات کے جھنڈے بردار جہاز روابی پر سوار ہندوستانی ملاحوں کے بارے میں میڈیا کے سوالات کے جواب میں سرکاری ترجمان جناب ارندم باغچی نے کہا:

"حکومت ہند 2 جنوری 2022 کو حوثیوں کے ذریعہ حدیدہ (یمن) کی بندرگاہ سے یو اے ای کی جھنڈے بردار بحری جہاز روابی کو قبضے میں لینے کے بعد پیشرفت پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔ ہم اس جہاز کو چلانے والی کمپنی کے ساتھ رابطے میں ہیں اور ہمیں بتایا گیا ہے کہ جہاز پر عملے کے 11 ارکان میں سے سات کا تعلق ہندوستان سے ہے۔ ہم کمپنی اور دیگر ذرائع سے یہ بھی سمجھتے ہیں کہ ہندوستانی عملے کے تمام ارکان محفوظ ہیں۔ ہندوستان کی حکومت ان کی جلد رہائی کے لیے تمام تر کوششیں کر رہی ہے۔ ہم حوثیوں سے اپیل کرتے ہیں کہ عملے کے ارکان کی حفاظت اور بہبود کو یقینی بنائے اور انہیں فوری طور پر رہا کرے۔ ہندوستان یمن میں لڑائی کی حالیہ شدت پر فکر مند ہے اور امید کرتا ہے کہ تمام فریق یمن کے مسئلے کا پرامن حل تلاش کرنے کے لیے مذاکرات کی میز پر آئیں گے۔

نئی دہلی

11 جنوری، 2022

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.